نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ
اور تجویز کردہ اقدامات

ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ

ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ (HyD) کا مقصد یہ ہے کہ روڈ نیٹ ورک کو فروغ دیا جائے اور اسے برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ ریلوے کی ترقی کی منصوبہ بندی کی جائے اور اس کا نفاذ کر کے اسے عالمی معیارات تک پہنچایا جائے۔ HyD نسلی پس منظر سے قطع نظر، عامۃ الناس کے تمام ارکان کو اپنی خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔

متعلقہ خدمات	● جو بنیادی خدمات HyD کی طرف سے فراہم کی جا رہی ہیں وہ وسعت پا رہی ہیں اور روڈ نیٹ ورک کو بہتر بنا رہی ہیں، اور یہ روڈ نیٹ ورک کی سلامتی کو برقرار رکھے ہوئے ہے، تکنیکی سپورٹ فراہم کی جا رہی ہے اور تعمیرات اور روڈ نیٹ ورک کی مرمت کے حوالے سے معیارات قائم کیے جا رہے ہیں، اور ریلوے کی ترقیاتی حکمت عملی پرعمل درآمد کیا جا رہا ہے اور ریلوے نیٹ کے مزید فروغ کے لیے منصوبے تشکیل دے رہے ہیں۔
موجودہ اقدامات	● HyD اور ہماری خدمات سے متعلق معلومات HyD کی ویب سائٹ پر ہانگ کی دو سرکاری زبانوں (یعنی کہ چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں۔ علاوہ ازیں، عامۃ الناس کے لیے معلوماتی اور تعلیمی دستی اشتہارات/کتابچے دونوں سرکاری زبانوں میں بھی شائع کیے جاتے ہیں۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	● مختلف النسل سروس صارفین سے رائے / مشورے طلب کر کے ریکارڈ کیے جائیں گے اور انہیں مدنظر رکھا جائے گا۔
اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو لیے جانے ہیں	● HyD ترجمہ کروانے کی غرض سے مختلف النسل افراد کے لیے موزوں دستی اشتہارات/کتابچوں کو ان کی زبانوں میں ترجمے کے حوالے سے شناخت کرے گا اور ضرورت پڑنے پر ان کو HyD کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا جائے گا۔
	● HyD مفت دستیاب ٹیلیفون ترجمانی اور انکوائری سروس (TELIS)استعمال کرے گا جو کہ سنٹر فار اینہانسمنٹ آف ایتھنک مائنورٹی ریزیڈینٹس (CHEER) کی طرف سے مختلف النسل افراد کی آٹھ زبانوں، جن کے نام یہ ہیں، بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تگالوگ، تھائی اور ویت نامی، میں ریسپشن کاؤنٹر پر فراہم کی جاتی ہیں۔ دیگر لسانی خدمات کو ضرورت پڑنے پر استعمال کیا جائے گا۔
	● ریسپشن کاؤنٹرز پر مفت دستیاب TELIS (جو کہ CHEER کی پیش کردہ ہے) کی تشہیر کے لیے پوسٹرز آویزاں کیے جائیں گے تاکہ عامۃ الناس کو اس لسانی سروس کی دستیابی سے آگاہ کیا جا سکے۔

- HyD متعلقہ عملے کے لیے بندوبست کرے گا کہ وہ نسلی مساوات کی تفہیم اور حساسیت کے حوالے سے آگہی میں اضافے کے لیے تربیتی عمل میں شریک ہو جیسا کہ مناسب تصور کیا جائے۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربنای درج ذیل چینلز کے ذریعے Miss TSE Hei-yu, Heidi Assistant Departmental Secretray / Administration سے رابطہ قائم کریں۔

ٹیلیفون نمبر	:	2762 3329
فیکس نمبر	:	2714 5216
ای میل	:	enquiry@hyd.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	5/F, Ho Man Tin Government Offices, 88 Chung Hau Street, Ho Man Tin, Kowloon

ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ
جون2025